باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعرات 03 جمادی الاوّل 1448ھ 15 اکتوبر 2026ء | شمارہ:213

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

IMF کے ساتھ شراکت داری کو سراہتا ہوں



وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف کے اعلیٰ عہدیداران سے ملاقات، معاشی پیشرفت، اصلاحات پر تبادلہ خیال، وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر کو فیول سبسڈی کے اقدامات سے آگاہ کیا

محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف کے ساتھ شراکت داری کو سراہا اور اصلاحات کے لیے مضبوط سیاسی عزم اور مسلسل عمل درآمد کی اہمیت پر زور دیا اور پاکستان کی بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس میں واپسی اور سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت کو اجاگر کیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر سے ملاقات میں پاکستان کی معاشی پیش رفت اور اصلاحاتی ترجیحات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی بکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاس کے موقع پر آئی ایم ایف کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر نائجل کلارک سے ملاقات ہوئی، جس میں پاکستان کی معاشی پیش رفت اور اصلاحاتی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اہم خبر



شاہ رخ خان اور ڈینیوب پراپرٹیز کا دبئی میں نیا شاہکار، رہائشی ٹاور کا اعلان

یہ منصوبہ محض ایک عمارت نہیں آنیوالی نسلوں کیلئے ایک تاریخی پتہ ثابت ہوگا، چیئرمین رضوان ساجن

دبئی (رپورٹ: حافظ زاہد علی) متحدہ عرب امارات کے عالمی کاروباری مرکز دبئی کے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ڈینیوب پراپرٹیز نے بالی ووڈ کے بے تاج بادشاہ شاہ رخ خان کے ساتھ اپنی تاریخی شراکت داری کے اگلے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے ایک نئے میگا پراجیکٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ پہلے کمرشل منصوبے 'شاہ رخز از ڈینیوب' کی افتتاحی دن ہی ریکارڈ ساز فروخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

گورنر راج سے سیاسی کشیدگی بڑھے گی، حکمران عوامی دباؤ کا مقابلہ نہیں کر سکتے، مسرور سیال

مذاکراتی ٹیم بے اختیار تھی، حکومتی سنجیدگی پر سوالات اٹھتے ہیں، پی ٹی آئی سندھ کے جنرل سیکریٹری کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر مسرور سیال نے کہا ہے کہ ان کی جماعت ملک، جمہوریت اور آئین کے تحفظ کی جدوجہد کر رہی ہے، خبیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کراچی میں ہنڈی حوالہ کے خلاف کارروائی، نجی بینک کا برانچ منیجر سمیت 5 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور ہنڈی حوالہ کے مبینہ نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

عیسیٰ گوٹھ میں تجاوزات کے خلاف درخواست، سماعت 19 نومبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں فیڈرل بی ایریا بلاک 7 میں عیسیٰ گوٹھ سے تجاوزات کے خاتمے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

جام اکرام اللہ دھاریجو کا سائٹ کا اچانک دورہ، غیر حاضر ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم

سرکاری امور کی انجام دہی میں نظم وضبط اور وقت کی پابندی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، صوبائی وزیر کی گفتگو

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے سائٹ کے دورے کے دوران حاضری، صفائی اور سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور غیر حاضر یا تاخیر سے آنے والے ملازمین کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی کی ہدایت کر دی۔ صوبائی وزیر جام اکرام اللہ دھاریجو نے بدھ کو سائٹ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری ایوانِ صدر میں ترکی کے لیے نامزد پاکستانی سفیر محترمہ آمنہ بلوچ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

صدر پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت و تعاون بڑھانے پر زور

سابق سیکریٹری خارجہ اور ترکیہ کے لیے نامزد پاکستانی سفیر آمنہ بلوچ سے آصف علی زرداری کی گفتگو، اہم امور پر تبادلہ خیال

ترکیہ میں تقرری پر مبارکباد دیتے ہوئے صدر نے پاکستان کی سابق سیکرٹری خارجہ کے طور پر ان کی کامیاب مدتِ ملازمت کو سراہا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر آصف علی زرداری نے پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا ہے، جس میں دوطرفہ تجارت کے 5 ارب ڈالر کے باہمی طے شدہ ہدف کے حصول، سرمایہ کاری میں توسیع اور اسٹریٹجک و ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے قیمتی پتھروں و جواہرات کے لیے خطے کے دوسرے ممالک کی طرح ''برانڈ پاکستان'' پر کام کرنے کی ہدایت کر دی ہے، وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے ترقی اور انکی برآمدات میں اضافے کے لیے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس

وزیرِ اعظم کا قیمتی جواہرات کیلئے برانڈ پاکستان متعارف کرانے کا فیصلہ

قیمتی پتھروں کی غیر معیاری طریقہ کار سے کان کنی اور اسمگلنگ کی وجہ سے ملک کو سالانہ اربوں ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے، پاکستان کو اللہ رب العزت نے قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال کیا ہے قیمتی پتھروں اور معدنیات کے وسیع ذخائر سے برآمدات میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں

اجلاس میں وفاقی وزراء جام کمال خان، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ، علی پرویز ملک، مشیر وزیرِ اعظم ہارون اختر، وزیرِ مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی، پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کی مد میں 1 ارب روپے مختص کر دیئے



وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے ترقی اور انکی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے قیمتی پتھروں و جواہرات کے لیے خطے کے دوسرے ممالک کی طرح ''برانڈ پاکستان'' پر کام کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے ترقی اور انکی برآمدات میں اضافے کے لیے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے قیمتی پتھروں و جواہرات کے پائلٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سینڈز پٹ میں طالب علم کی تمر کی شجر کاری، ساحلی ماحول کے تحفظ کا عزم

دی انٹرنیشنل اسکول کراچی کے طالب علم ذاتی تعلیمی منصوبے کے تحت سینڈز پٹ میں تمر کے پودے لگا دیے

کراچی (این این آئی) دی انٹرنیشنل اسکول کراچی کے طالب علم راحم شفیق نے ٹڈل ایئر زیرو پروگرام کے ذاتی منصوبے کے تحت کراچی کے ساحلی علاقے سینڈز پٹ میں تمر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سعودی ایئر پورٹس پر حملوں کے اثرات، پاکستان کی 114 پروازیں منسوخ یا غیر فعال

پاکستان سے ریاض کی مزید 28 پروازیں منسوخ، متعدد ملکی و بین الاقوامی پروازیں تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) سعودی عرب کے ایئر پورٹس پر حوثیوں کے حملوں کے باعث فضائی آپریشن محدود ہونے سے پاکستان سے سعودی عرب جانے والی پروازوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی پریس کلب میں شدید گرمی اور موسمیاتی تبدیلی پر صحافیوں کی ورکشاپ آج ہوگی

صدر فاضل جمیلی، سیکریٹری اسلم خان اور ماہرینِ ماحولیات خطاب کریں گے

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کی انوائرنمنٹ کمیٹی اور کلائمیٹ ایکشن سینٹر کے اشتراک سے شدید گرمی، موسمیاتی تبدیلی اور کراچی کو درپیش ماحولیاتی مسائل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

آر ایل این جی کی فراہمی بحال، کراچی میں عارضی لوڈ مینجمنٹ ختم

کراچی (این این آئی) آر ایل این جی کی فراہمی بحال ہونے کے بعد کے الیکٹرک نے شہر میں عارضی لوڈ مینجمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لانڈکانہ میں رائس کینال میں ڈوب کر 9 سالہ بچہ جاں بحق، دو کو بچا لیا گیا

لانڈکانہ (این این آئی) رائس کینال میں نہاتے ہوئے تین بچے ڈوب گئے، جن میں سے دو کو علاقہ مکینوں نے بچا لیا، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اعلیٰ عہدوں میں صوبائی کوٹہ لاگو، تیل و گیس کا منافع صوبوں کو دیا جائے

سینیٹ کمیٹی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تفویض اختیارات (ڈیولوشن) نے منگل کے روز وفاقی حکومت کو ہدایت کی کہ وہ اعلیٰ گریڈز کی ترقیوں پر صوبائی کوٹہ لاگو کرے۔ یہ حقیقت سامنے آئی ہے کہ 38 ڈویژنز میں سے بلوچستان سے صرف ایک وفاقی سیکریٹری ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

خصوصی افراد کی سرپرستی میں نمائندگی بہترین مثال ہیں

نہال ہاشمی

گورنر سندھ کا خصوصی افراد کے عزم، صلاحیتوں اور معاشرے میں باعزت شمولیت پر زور، کے ڈی این کی تقریب سے خطاب

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو ایک دوسرے کا سہارا بننے کی ذمہ داری سونپی ہے اور دوسروں کا خیال رکھنا ہماری زندگی کا ایک اہم امتحان ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ خصوصی افراد کو خودمختاری، تحفظ، مساوی حقوق اور معاشرے میں باعزت شمولیت کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ خصوصی افراد بظاہر جسمانی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں، لیکن ان کے اندر بے پناہ صلاحیتیں، عزم اور حوصلہ موجود ہوتا ہے، جو ہم سب کے لیے قابلِ تقلید اور حوصلہ افزا مثال ہے۔ کراچی ڈس ایبلٹی نیٹ ورک (KDN) کی جانب سے منعقدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں کراچی ڈس ایبلٹی نیٹ ورک کے ڈی این کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی پولیس کے دو یونٹوں میں تنازع، ایڈیشنل آئی جی نے انکوائری رپورٹ طلب کر لی

واقعے کے تمام پہلوؤں، متعلقہ افسران و اہلکاروں کے مؤقف اور دستیاب شواہد کا جائزہ لے کر حقائق پر مبنی رپورٹ مرتب کی جائے، آزاد خان

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے نارتھ ناظم آباد میں ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس اور ایس آئی یو صدر کے افسران و اہلکاروں کے درمیان پیش آنے والے تنازعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ساؤتھ سے تفصیلی انکوائری رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کراچی ہنی ٹریپ کے ذریعے گاڑی ہتھیانے والا میاں بیوی گرفتار

ڈیفنس میں شہری کو ڈیٹ پر بلا کر گاڑی اور 14 تولے سونے کے زیورات لوٹنے کا ڈراما، اے وی ایل سی نے چند گھنٹوں میں گاڑی برآمد کر لی

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس نے ہنی ٹریپ کے ذریعے شہری کی قیمتی گاڑی ہتھیانے اور واردات کو اسٹریٹ کرائم کا رنگ دینے والے میاں بیوی کو چند گھنٹوں میں گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گاڑی بھی برآمد کر لی، جب کہ ملزمان سے دیگر وارداتوں اور ان کے سابقہ ریکارڈ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

نوجوان کی مبینہ اغوا برائے تاوان کی واردات پر پولیس افسران آمنے سامنے، ڈی ایس پی زخمی

نارتھ ناظم آباد میں ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس اور ایس آئی یو صدر میں تنازع شدت اختیار کر گیا

دونوں جانب سے افسران و اہلکاروں کو تحویل میں لینے کے دعوے، ایس آئی یو کا م نے واقعے کو قیاس آرائی قرار

کراچی (این این آئی) نارتھ ناظم آباد میں نوجوان کی مبینہ مختصر دورانیے کے اغوا کے معاملے پر ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس اور انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) صدر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ماحولیاتی تحفظ ضروری مگر تاجروں کی عزتِ نفس ٹھیس نہیں سہے گی

محمد زکریا
اکبر ضیا

آئی سی سی آئی کا پلاسٹک بیگز اور پی ای ٹی بوتلوں کے معاملے پر مشترکہ کمیٹی بنانے کا فیصلہ، مرحلہ وار عمل درآمد پر زور، تاجروں کی تذلیل کسی صورت برداشت نہیں کریں گے

سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان سواتی نے کہا کہ تاجروں کو اپنے مسائل مشترکہ پلیٹ فارم کے ذریعے اٹھانے چاہئیں

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا ہے کہ تاجروں کی تذلیل، توہین اور ہراساں کرنے کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے پلاسٹک شاپنگ بیگز اور پی ای ٹی بوتلوں سے متعلق ضوابط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اقرار الحسن کے جسمانی ریمانڈ کا حکم سیشن عدالت میں چیلنج

کراچی (این این آئی) سیشن عدالت شرقی میں عوام راج پارٹی کے سربراہ اور اینکر اقرار الحسن کے خلاف ریاست مخالف مواد کے مقدمے میں جسمانی ریمانڈ دینے کا حکم چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے درخواست پر تفتیشی افسر کو کل کے لیے نوٹس جاری کر دیا۔ اقرار الحسن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

میر رضا کیس کی انکوائری رپورٹ تیار، آج سندھ حکومت کے حوالے کیے جانے کا امکان

کراچی (این این آئی) میر رضا کی موت سے متعلق جوڈیشل کمیشن نے انکوائری رپورٹ تیار کر لی ہے، جو آج صبح 10 بجے سندھ حکومت کے حوالے کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیشن نے سیکریٹری داخلہ کو طلب کر لیا ہے، جبکہ رجسٹرار جوڈیشل کمیشن رپورٹ سیکریٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کالے بچھوؤں کی فروخت کے 24 ارب روپے بینکوں میں پھنس گئے

جرمن کمپنی کو بچھو فروخت کرنے والے پاکستانیوں کا سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

عدالت عالیہ نے اسٹیٹ بینک، وزارت خزانہ اور چار نجی بینکوں سے ایک ماہ میں جواب طلب کر لیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے کالے بچھوؤں کی فروخت کے عوض پاکستانی بینکوں میں منتقل ہونے والی مبینہ طور پر 24 ارب روپے کی درخواستوں پر اسٹیٹ بینک سمیت دیگر فریقین کو ایک ماہ میں جواب جمع کرانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایل این جی کا پہلا کارگو پاکستان پہنچ گیا، سردیوں میں گیس بحران کا خدشہ برقرار

موسم سرما میں گیس کی طلب 2 ہزار ملین مکعب فٹ یومیہ سے تجاوز کرنے کا امکان

صنعتوں، سی این جی اور سیمنٹ سیکٹر کو فراہمی متاثر ہونے کا اندیشہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کو اکتوبر میں قطر سے مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کا پہلا کارگو موصول ہو گیا ہے، تاہم موسم سرما 27-2026 کے دوران گیس کی ضروریات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ہیوی ٹریفک کے حادثات، ٹرک اور واٹر ٹینکر کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق

بھینس کالونی اور منگھو پیر میں حادثات، دونوں گاڑیوں کے ڈرائیور فرار


کراچی (این این آئی) شہر میں ہیوی ٹریفک کے باعث حادثات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لوڈشیڈنگ نے کاروباری و صنعتی سرگرمیوں کا پہیہ جام کر دیا، طلعت محمود

کراچی چیمبر کا کے الیکٹرک کی طویل لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت، فوری ریلیف کا مطالبہ

بجلی بندش سے برآمدی آرڈرز خطرے میں پڑ گئے معاشی سرگرمیاں ٹھپ، صدر کے سی سی آئی

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر طلعت محمود نے کے الیکٹرک کی جانب سے کراچی بھر میں طویل اور بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش صنعتی پیداوار، تجارتی سرگرمیوں، روزگار اور لاکھوں شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ علاقوں میں بھی لوڈشیڈنگ شروع کیے جانے کی اطلاعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی پریشان کن امر ہے کہ ملک کا اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



بھوک اور مفلسی کے باعث خاندان کا المناک سانحہ لمحہ فکریہ ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

حکومت عوام دوست معاشی پالیسیاں تشکیل دے، مہنگائی میں کمی اور غریبوں کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے، رکن قومی اسمبلی

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ | پاکستان کے سینئر رہنما، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایکسپورٹ فیسیلی ٹیشن اسکیم یارن اور فیبرکس کو خارج نہ کیا جائے، فواد انور

ایم ایم ایف مصنوعات کی عالمی تجارت کا 63 فیصد، پاکستان کا حصہ صرف 1.2 فیصد

پاکستان ٹیکسٹائل کونسل چیئرمین نے وزیر اعظم کو ارسال کردہ خط کی نقل ایف بی آر کو بھی بھیج دیں



اسلام آباد (کامرس رپورٹر) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی) نے وزیر اعظم شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ ایکسپورٹ فی سیلیٹیشن اسکیم (ای ایف ایس) کے تحت تمام خام مال اور دیگر مصنوعات کے لیے برقرار رکھا جائے اور پاکستان ٹیکسٹائل سیکٹر کے سیریل 52 اور 55 کے تحت آنے والے تمام یارن اور فیبرکس کو اس اسکیم سے خارج کرنے کی تجاویز پر نظر ثانی کی جائے، کونسل نے خبردار کیا ہے کہ اس اقدام سے پاکستان کی برآمدی نمو، تجارتی درآمدات، سرمایہ کاری اور عالمی منڈی میں مسابقت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

واشک میں کامیاب آپریشن، وزیر اعلیٰ سندھ کا سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، پوری قوم پاک افواج کے ساتھ کھڑی ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بلوچستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء چیمبر ہاؤس میں مارکیٹ ایسوسی ایشنز، تاجروں اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے نمائندوں کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان، آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ، مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری، آئی سی سی آئی کے سابق صدر محمد اعجاز عباسی، ایگزیکٹو ممبر ابرار الحق، شاہد عباسی اور دیگر تاجر رہنما بھی موجود ہیں۔



لاہور: صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر فیروز پروڑ کے صنعتکاروں کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر خادم حسین اور دیگر بھی موجود ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے GROUP OF PUBLICATION
چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk



پرائمری ٹیچر ایسوسی ایشن کی مرکزی کال پر اساتذہ کا مطالبات کی منظوری کیلئے احتجاج

نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے پ، ٹ، الف ضلع عمرکوٹ کے صدر اکرام آرائیں، ڈویژنل جنرل سیکریٹری نذیر معاویہ، ولی محمد کپری، آغا چانڈیو، شبیر بھٹی کی قیادت میں احتجاجی کیمپ قائم



کنری (نامہ نگار) پرائمری ٹیچر ایسوسی ایشن کی مرکزی کال پر اساتذہ نے اپنے جائز مطالبات کی منظوری کے لیے نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے پ، ٹ، الف ضلع عمرکوٹ کے صدر اکرام آرائیں، ڈویژنل جنرل سیکریٹری نذیر معاویہ، تعلقہ کنری کے صدر ولی محمد کپری، جنرل سیکریٹری آغا چانڈیو، شبیر بھٹی کی قیادت میں احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا جس میں اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

میرپور خاص پولیس کی جانب سے اینٹی نارکوٹکس اینڈ کرائم کنٹرول سوشل اویئرنیس آرگنائزیشن کے تعاون سے منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے اہم اقدام

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) میرپور خاص پولیس کی جانب سے اینٹی نارکوٹکس اینڈ کرائم کنٹرول سوشل اویئرنیس آرگنائزیشن کے تعاون سے منشیات کے عادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



میرپور خاص اورنگ آباد کی گلیوں میں گندا پانی جمع، گھروں میں داخل، خواتین اور بچے شدید اذیت میں مبتلا



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) میرپور خاص اورنگ آباد کی گلیوں میں گندا پانی جمع، گھروں میں داخل، خواتین اور بچے شدید اذیت میں مبتلا، تفصیلات کے مطابق میرپور خاص کے علاقے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نوشہرو فیروز: زنا بالجبر کے مقدمے میں ملزم کو 14 سال قید اور 3 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

نوشہرو فیروز (نمائندہ قوم کی آواز) ایڈیشنل سیشن جج مورو کی عدالت، جو صنفی تشدد کے مقدمات کی سماعت کرتی ہے، نے زنا بالجبر کے مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر ملزم امجد ولد عطا محمد ماچھی کو 14 سال قید بامشقت اور 3 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزم کو مزید تین ماہ قید سادہ بھگتنا ہوگی۔ پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

''ٹیکس چور کسی رعایت کے مستحق نہیں''۔۔۔!

وزیراعظم شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروباری کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کریں گے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے پیر کو جاری کیے گئے بیان کے مطابق جناب شہباز شریف کے زیر صدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی اصلاحات کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے نگرانی کا عمل رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے پیداواری شعبے کا تفصیلی جائزہ لیکر استعداد کا تخمینہ پیش کرنے والی ٹیم کی پذیرائی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیس لیس نظام کے تحت کیمروں کی مدد سے پیداوار کی نگرانی موثر بنائی جارہی ہے، خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیداواری شعبے میں جو کاروبار رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کر رہے ہیں انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وزیراعظم نے سیمنٹ کے شعبے میں پیداوار کی نگرانی کے نظام کی آڈٹ رپورٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس نظام کی موثریت کو جانچنے کیلئے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی باقی کے تمام شعبوں کا بھی آڈٹ کرے، ٹیکس کی مکمل استعداد کے مطابق ٹیکس کی وصولی عوام کی صحیح معنوں میں خدمت ہے۔ ایف بی آر کی ٹیم کا کہنا تھا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلیں اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جاچکا ہے۔ ٹیکسٹائل کے علاوہ پیکنگ والا پانی، جوس اور دودھ کے شعبوں میں نگرانی کیلئے آلات کی خریداری مکمل کرتے ہوئے تنصیب کا کام جاری ہے۔ وزیراعظم کو یہ بھی بتایا گیا کہ سٹیل، پولٹری اور ٹائروں کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ چائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل و گھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کرلی جائے گی یوں مذکورہ تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کا جدید نظام رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کر دیا جائے گا۔ اجلاس کے شرکاء کو بتایا گیا کہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں جہاں بہت سی صنعتوں نے تنصیب میں مزاحمت کا مظاہرہ کیا وہاں چند معروف اداروں نے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کیا جس پر وزیراعظم نے اُن کے اِس اقدام کی تعریف کی۔ ٹیکس وصولی اور ٹیکس کی استعداد کے مابین فرق پر جائزہ رپورٹ بھی وزیراعظم کو پیش کی گئی جس میں ملک کی ٹیکس استعداد کا تخمینہ پیش کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین سال میں حکومتی اقدامات کی بدولت 1.3 ٹریلین روپے کا اضافی ٹیکس اکٹھا کیا گیا جو کہ ٹیکس وصولی میں 40 فیصد اضافہ ہے، یہ اضافی ٹیکس انفورسمنٹ کے باعث اکٹھا ہوا۔ وزیراعظم نے ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی شب و روز محنت کے بعد جامع رپورٹ پیش کرنے پر پذیرائی کی اور انہیں شیلڈز پیش کیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے پیداواری شعبوں میں سیلز ٹیکس کے لئے خودکار نگرانی کا نظام 31 دسمبر 2026ء تک مکمل فعال کرنے کی ہدایت اِس وقت انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ ملک میں ٹیکس وصولی بڑھنے کے باوجود معیشت کے مختلف شعبوں سے ٹیکس کی مکمل استعداد حاصل نہیں کی جاسکی۔ گزشتہ مالی سال (2025-26ء) کے اعداد و شمار کے مطابق مجموعی ٹیکس وصولی 13 ہزار 160 ارب روپے رہی جبکہ قریباً 8 ہزار 595 ارب روپے کے ریفنڈ کی ادائیگی کے بعد خالص وصولی کم و بیش 13 ہزار ارب روپے تھی۔ ٹیکس وصولیوں میں انکم ٹیکس سے چھ ہزار 645 ارب، سیلز ٹیکس سے چار ہزار 731 ارب، کسٹمز ڈیوٹی سے ایک ہزار 385 ارب اور وفاقی ایکسائز ڈیوٹی سے مجموعی طور پر 840 ارب روپے حاصل کیے گئے۔ اِن اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس قومی خزانے کی آمدن کے بنیادی ذرائع ہیں لیکن صرف مجموعی وصولی بڑھ جانا اِس بات کا ثبوت نہیں کہ ٹیکس چوری کا مسئلہ حل ہوچکا ہے۔

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا، محمد افضل اور معیز اعوان کی سینچریاں سعید حسن کی آل راؤنڈ کارکردگی، راشد احمد، سیکرٹری زون دو



معیز اعوان — محمد افضل — سعید حسن

کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 میں مذید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا ٹی ایم سی کرکٹ گراونڈ پر کھیلے گئے پہلے کوارٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

بحریہ یونیورسٹی نے دوسرا انذیر حسین یونیورسٹی انٹر ورسٹی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا ٹائٹل جیت لیا، چانسلر نذر حسین انجینئر فرحت خان



کراچی (اسپورٹس رپورٹر) بحریہ یونیورسٹی نے دوسرا انذیر حسین یونیورسٹی انٹر ورسٹی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کے فائنل میں کے آئی ای ٹی یونیورسٹی کو 120 رنز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پنجاب کے 38 رکنی افسران کے وفد کا سکھر کا مطالعاتی دورہ، کمشنر سے ملاقات

سکھر (بیورو رپورٹ) محکمہ بلدیات و ترقیات پنجاب کے 38 رکنی افسران کے وفد نے ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ پنجاب سید سالک عظمت کی سربراہی میں سکھر کا مطالعاتی دورہ کیا اور کمشنر سکھر ڈویژن عابد سلیم قریشی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد پنجاب حکومت کے تیسرے چھ ہفتوں کے لازمی ترقیاتی تربیتی پروگرام کے سلسلے میں سکھر پہنچا۔ اس موقع پر کمشنر آفس کی جانب سے وفد کو سکھر ڈویژن کے اضلاع سکھر، خیرپور اور گھوٹکی کی تاریخی و جغرافیائی اہمیت، آبادی، مقامی حکومتوں کے نظام، تعلیم، صحت، زراعت، جامعات، نہری نظام اور سرحدی علاقوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد کو سندھ حکومت کے مختلف ترقیاتی اور فلاحی اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا، جن میں کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانا، پیپلز ہاؤسنگ پروگرام کے تحت مستحق اور بے گھر افراد کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

روہڑی اور نارا کینال کے اطراف خوبصورتی کے منصوبے کے لیے متبادل مقام منتخب، کمشنر عابد سلیم قریشی کی زیر صدارت اجلاس

سکھر (نمائندہ قوم کی آواز) کمشنر سکھر ڈویژن عابد سلیم قریشی کی زیر صدارت روہڑی اور نارا کینال کے اطراف خوبصورتی کے منصوبے اور شہید ذوالفقار علی بھٹو پبلک پارک کی تعمیر سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈومن یونیورسٹی کے سامنے واقع تقریباً 10 ایکڑ خالی اراضی پر پارک تعمیر کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں ہونے والے اجلاس میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں مجوزہ منصوبے کے مقام، انتظامی امور اور متعلقہ محکموں کے اعتراضات پر غور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

تحفظ حرمین شریفین کے لیے جامعہ بحر العلوم سلفیہ میرپور خاص میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کا اہم اجلاس



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) تحفظ حرمین شریفین کے لیے جامعہ بحر العلوم سلفیہ میرپور خاص میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کا اہم اجلاس۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی جمعیت اہل حدیث کے رہنماء مولانا افتخار احمد اظہر کی قیادت میں جامعہ بحر العلوم سلفیہ میرپور خاص میں تحفظ حرمین شریفین کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں جمعیت اہل حدیث سندھ کے مرکزی رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی، اجلاس کے بعد جمعیت اہل حدیث پاکستان سندھ کے صوبائی امیر مفتی محمد یوسف قصوری، ناظم اعلیٰ سندھ علامہ پروفیسر محمد ابراہیم طارق اور ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی نے صحافی عبدالغفار لغاری سے خصوصی بات چیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

Roundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

کراچی کونسل آن فارن ریلیشنز کے زیر اہتمام ثقافتی سفارت کاری کی شام، فنونِ لطیفہ اور پاکستانی ورثے کا شاندار مظاہرہ

نادرا پنجوانی، سلطانہ صدیقی اور اکرام سہگل کا ثقافتی سفارت کاری کے ذریعے عالمی ہم آہنگی، باہمی احترام اور پاکستان کی مثبت شناخت اجاگر کرنے پر زور

اکرام سہگل نے پاکستان کے عالمی تعلقات مضبوط بنانے پر زور دیا، شیما کرمانی، کلثوم آفتاب اور خادم علی خان نے فنکارانہ پرفارمنس پیش کی

جمی فالی کی پینٹنگز اور بلوچی زری وزیورات نے شرکاء کی توجہ حاصل کی، قونصل جنرل جاپان، مجید عزیز، جنید نقی بھی موجود



کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی کونسل آن فارن ریلیشنز (KCFR) کے زیر اہتمام ثقافتی سفارت کاری کے موضوع پر ایک پروقار شام منعقد ہوئی، جس میں پاکستان کے وسیع ثقافتی ورثے، فنونِ لطیفہ، موسیقی، رقص اور شاعری کے ذریعے مختلف قوموں کے درمیان تبادلے، باہمی افہام و تفہیم اور بین الاقوامی خیرسگالی کو فروغ دینے کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ تقریب میں سفارتی برادری کے نمائندوں، سرکاری حکام، کاروباری شخصیات، ماہرین تعلیم، سول سوسائٹی اور ثقافتی شعبے سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان کی متنوع فنکارانہ روایات اور ثقافتی رنگا رنگی کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کا بنیادی مقصد ثقافت کو بین الاقوامی تعلقات کے استحکام اور مختلف معاشروں کے درمیان قربت پیدا کرنے کے مؤثر ذریعے کے طور پر اجاگر کرنا تھا۔ شرکاء نے اس بات کو سراہا کہ فنونِ لطیفہ زبان، سرحدوں اور جغرافیائی فاصلے سے بالاتر ہوکر لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور مشترکہ انسانی اقدار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ نادرا پنجوانی نے فنون، روایات اور ثقافتی تبادلے کو پائیدار عالمی امن، بین الاقوامی ہم آہنگی اور مشترکہ انسانی اقدار کے فروغ کا مؤثر ذریعہ قرار دیا کراچی کونسل آن فارن ریلیشنز کی چیئرپرسن ندیرا پنجوانی ایچ آئی، ایس آئی نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ حقیقی بین الاقوامی ہم آہنگی محض تزویراتی اتحادوں اور سفارتی مفاہمتوں تک محدود نہیں، بلکہ اس کی بنیاد ایک دوسرے کے ثقافتی ورثے، فنون اور روایات کو سمجھنے اور ان کا احترام کرنے میں پوشیدہ ہے۔ ان کے مطابق ثقافتی تبادلہ ایک ایسی عالمگیر زبان فراہم کرتا ہے جو قومی سرحدوں سے بالاتر ہوکر لوگوں کو جوڑتی اور مشترکہ امنگوں کو یکجا کرتی ہے۔ انہوں نے ثقافتی سرگرمیوں کو مختلف معاشروں کے درمیان اعتماد سازی، مثبت روابط اور دیرپا تعلقات کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب مختلف قومیں ایک دوسرے کی تہذیب، اقدار اور فنکارانہ روایات کو قریب سے جاننے کا موقع حاصل کرتی ہیں تو غلط فہمیوں میں کمی آتی ہے اور باہمی احترام کی فضا مضبوط ہوتی ہے۔ تقریب کی کلیدی مقرر سلطانہ صدیقی نے اپنے خطاب میں پاکستان کی ثقافتی شناخت کو اجاگر کرنے اور ملک کا مثبت تشخص دنیا کے سامنے پیش کرنے میں میڈیا اور فنونِ لطیفہ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ تخلیقی اظہار مختلف معاشروں اور برادریوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے اور ثقافتی فاصلے کم کرنے میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔ سلطانہ صدیقی نے اس امر پر زور دیا کہ میڈیا اور فنون کو پاکستان کی تہذیبی خوبصورتی، تخلیقی صلاحیتوں اور ثقافتی تنوع کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جانا چاہیے۔ ان کے مطابق ثقافت اور تخلیقی سرگرمیاں پاکستان کے بارے میں مثبت تاثر قائم کرنے اور مختلف قوموں کے ساتھ مضبوط روابط استوار کرنے کے اہم ذرائع ہیں۔ کراچی کونسل آن فارن ریلیشنز کے سرپرست اعلیٰ اکرام سہگل نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے بین الاقوامی تعلقات کو مضبوط بنانے میں ثقافتی روابط کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے مشترکہ روایات کے جشن اور ثقافتی سفارت کاری کے ذریعے باہمی احترام، اعتماد اور دیرپا خیرسگالی کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ اکرام سہگل کے مطابق ثقافتی روابط مختلف ممالک اور معاشروں کے درمیان مثبت تعلقات استوار کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ایسے مواقع نہ صرف پاکستان کے ثقافتی تشخص کو نمایاں کرتے ہیں بلکہ عالمی برادری کو ایک دوسرے کی روایات، اقدار اور فنون کو سمجھنے کا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ تقریب میں معروف رقاصہ اور سماجی کارکن شیما کرمانی نے دلکش رقص پیش کیا، جسے شرکاء نے سراہا۔

☆☆☆

معروف بزنس مین شیخ امتیاز حسین کی سربراہی: پاکستان امریکہ بزنس کونسل کا اہم اجلاس

ایف پی سی سی آئی میں نئی قیادت کی جانب سے امریکی منڈی تک رسائی اور اعلیٰ سطح پر کاروباری روابط کے قیام کو ترجیح

سید ناصر وجاہت، سینئر وائس چیئرمین، انجینئر جہانزیب خان وائس چیئرمین مقرر، ٹیکسٹائل، آلات جراحی اور سامان، چمڑے، انفارمیشن ٹیکنالوجی تعمیرات، تعلیم اور پاکستان کی معیشت کے دیگر اہم شعبوں کی نمائندگی کرنے والے ممتاز کاروباری رہنما اکٹھا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی پاکستان۔ یو ایس اے بزنس کونسل کی تشکیل نو شیخ امتیاز حسین کی سربراہی میں کی گئی ہے جس میں دو طرفہ تجارت کو وسعت دینے، سرمایہ کاری کو متحرک کرنے، صنعتی تعاون کو مضبوط کرنے اور پاکستان کے درمیان نئے تجارتی مواقع کو غیر مقفل کرنے کے لیے ایک نئے اسٹریٹجک مینڈیٹ کے ساتھ تشکیل دیا گیا ہے۔ شیخ امتیاز حسین کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں اعلیٰ قیادت کی اہم تقرریوں کو باقاعدہ بنایا گیا اور کونسل کی ادارہ جاتی تاثیر اور تجارتی رسائی کو بڑھانے کے لیے ایک جامع عمل پر مبنی ایجنڈے پر غور کیا گیا سید ناصر وجاہت کو سینئر وائس چیئرمین جبکہ انجینئر جہانزیب خان کو وائس چیئرمین مقرر کر دیا گیا ٹیکسٹائل، آلات جراحی اور سامان، چمڑے، انفارمیشن ٹیکنالوجی تعمیرات، تعلیم اور پاکستان کی معیشت کے دیگر اہم شعبوں سمیت اہم شعبوں کی نمائندگی کرنے والے ممتاز کاروباری رہنماؤں کو اکٹھا کرتے ہوئے اضافی ڈائریکٹرز کا تقرر کیا گیا اور ان کا انتخاب کیا گیا اجلاس میں پاکستان بھر سے ممتاز کاروباری شخصیات اور کونسل ممبران کو اکٹھا کیا گیا، جس میں ذاتی طور پر اور زوم کے ذریعے شرکت کی گئی، جس میں اسلام آباد میں ایف پی سی سی آئی کے کیپٹل آفس کی نمایاں نمائندگی تھی۔ شرکاء نے شیخ امتیاز حسین کو چیئرمین کے طور پر دوبارہ تعیناتی پر مبارکباد پیش کی اور کونسل کے مشن کو آگے بڑھانے میں فعال تعاون کا عہد کرتے ہوئے نو تشکیل شدہ قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شیخ امتیاز حسین نے اس بات پر زور دیا کہ کونسل کی تشکیل نو سٹریٹجک مصروفیات، باہمی تجارتی شراکت داری اور قابل پیمائش اقتصادی نتائج کے لیے تجدید عہد کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات میں مثبت رفتار کو مارکیٹ تک رسائی، سرمایہ کاری کی سہولت، ٹیکنالوجی کی منتقلی صنعتی تعاون اور مضبوط نجی شعبے کے روابط کے ذریعے ٹھوس اقتصادی منافع میں تبدیل ہونا چاہیے انہوں نے مشاہدہ کیا کہ پاکستانی انٹرپرائزز بین الاقوامی منڈیوں میں گھنے اور اپنی عالمی مسابقت کو مضبوط کرنے کی کافی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس صلاحیت کو حاصل کرنے کے لیے برآمدات کے فروغ بہشتر کہ منصوبوں صنعتی جدید کاری، اور امریکی کاروباروں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ باہمی طور پر فائدہ مند شراکت داری کے لیے توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے یو ایس اسٹیٹ چیمبرز آف کامرس کے ذریعے اسٹریٹجک بزنس میچ میکنگ کونسل کی تجدید حکمت عملی کے تحت ایک اہم ترجیح ریاست ہائے متحدہ امریکہ بھر میں انفرادی ریاستی سطح کے چیمبرز آف کامرس کے ساتھ روابط قائم کرنا اور مضبوط کرنا ہوگا۔ یہ ٹارگٹڈ مصروفیت کونسل کے ادارہ جاتی نیٹ ورک کو وسیع کرنے ممکنہ کاروباری شراکت داروں کی شناخت کرنے، شعبے سے متعلق تجارتی تعارف کی سہولت، فراہم کرنے، اور رسائی کو زیادہ توجہ مرکوز عملی اور نتائج پر مبنی بنانے میں مدد کرے گی ان رابطوں کے ذریعے، کونسل پاکستانی برآمد کنندگان، مینوفیکچررز، سروس فراہم کرنے والوں، کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کے لیے متعلقہ امریکی کاروباری اداروں سے ان کی متعلقہ صنعتوں اور تجارتی مفادات کے مطابق جڑنے کے مواقع تلاش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

☆☆☆







1 ﴿تردید اور تکذیب﴾ نمبر

ہمارے ادارے کے نمائندے نے ۲۰ مارچ کو ’’ساحلی شہر میں پانی کی قلت‘‘ کے عنوان سے جو خبر شائع کی تھی، اس میں بیان کیے گئے اعداد و شمار درست نہیں۔ ادارہ اپنی غلطی تسلیم کرتا ہے اور اس پر معذرت خواہ ہے۔

2 ﴿تردید اور تکذیب﴾ نمبر

ہمارے ادارے کے نمائندے نے ۲۰ مارچ کو ’’ساحلی شہر میں پانی کی قلت‘‘ کے عنوان سے جو خبر شائع کی تھی، اس میں بیان کیے گئے اعداد و شمار درست نہیں۔ ادارہ اپنی غلطی تسلیم کرتا ہے اور اس پر معذرت خواہ ہے۔

3 ﴿تردید اور تکذیب﴾ نمبر

ہمارے ادارے کے نمائندے نے ۲۰ مارچ کو ’’ساحلی شہر میں پانی کی قلت‘‘ کے عنوان سے جو خبر شائع کی تھی، اس میں بیان کیے گئے اعداد و شمار درست نہیں۔ ادارہ اپنی غلطی تسلیم کرتا ہے اور اس پر معذرت خواہ ہے۔

4 ﴿تردید اور تکذیب﴾ نمبر

ہمارے ادارے کے نمائندے نے ۲۰ مارچ کو ’’ساحلی شہر میں پانی کی قلت‘‘ کے عنوان سے جو خبر شائع کی تھی، اس میں بیان کیے گئے اعداد و شمار درست نہیں۔ ادارہ اپنی غلطی تسلیم کرتا ہے اور اس پر معذرت خواہ ہے۔

5 ﴿تردید اور تکذیب﴾ نمبر

